سوال

(569) طواف اضافہ سے پہلے حیض یا نفاس آنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کو طواف افاضہ سے پہلے حیض یا نفاس شروع ہوگیا، تو کیا اسے مکہ میں رکنا ضروری ہے، حتیٰ کہ پاک ہو اور پھر طواف کر کے جائے، یا جائز ہے کہ جدہ وغیرہ چلی جائے اور پھر جب پاک ہو تو آکر طواف کر جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس کے لیے ممکن ہو کہ وہ مکہ میں رہ سکتی ہے تو اسے طہر آنے تک مکہ ہی میں رکنا چاہیئے، حتیٰ کہ وہ اپنا حج مکمل کر کے جائے۔ اگر رکنا ممکن نہ ہو تو جائز ہے کہ اپنے محرم کے ساتھ جدہ یا طائف وغیرہ چلی جائے، پھر بعد میں اپنے محرم کی معیت میں آئے اور بقیہ اعمال پورے کر کے جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 406

محدث فتویٰ